**شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان**

**36۔کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org**

13مارچ2026ء

# پریس ریلیز

## اسرائیل اور امریکہ اسلاموفوبک دہشت گردی کے سرخیل ہیں۔

## گریٹر اسرائیل کے قیام کے اعلانات اور ایران پر حملہ نے صہیونیوں کی اسلام دشمنی کو مزید کھول کر رکھ دیا ہے۔

## (شجاع الدین شیخ)

**لاہور(پ ر):** سرائیل اور امریکہ اسلاموفوبک دہشت گردی کے سرخیل ہیں۔ گریٹر اسرائیل کے قیام کے اعلانات اور ایران پر حملہ نے صہیونیوں کی اسلام دشمنی کو مزید کھول کر رکھ دیا ہے۔اِن خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کیا۔ اُنھوں نے کہا کہ چار برس قبل اقوامِ متحدہ کا 15 مارچ کو اسلاموفوبیا کے تدارک کا عالمی دن قرار دینا مسلم دنیا کے لیے ایک اہم پیش رفت تھی اور اُس قرارداد کو منظور کروانے میں اُس وقت کی حکومت اور وزیرِاعظم پاکستان نے کلیدی کردار ادا کیا۔اُس کے باوجود گزشتہ چار برس کے دوران مغرب میں توہینِ قرآن کے پے در پے واقعات دیکھنے میں آئے۔ حجاب سمیت دیگر شعائرِ اسلام کو امریکہ، بھارت اور دیگر کئی مغربی ممالک میں نشانہ بنایا گیا۔ کئی مغربی ممالک اسلام اور مسلمانوں کے خلاف منظم نفرت انگیزی اور تفریق کی پالیسی جاری رکھے ہوئے ہیں۔ 7اکتوبر 2023ء کے بعد ناجائز صہیونی ریاست اسرائیل کی غزہ پر بہیمانہ بمباری بھی مسلمانوں کے خلاف ریاستی دہشت گردی کا حصّہ تھی اور نام نہاد امن معاہدوں کے بعد بھی اس درندگی میں کمی نہیں آئی۔ مسلم دشمنی اور اخلاقی گراوٹ کا یہ عالم ہے کہ رمضان المبارک میں مسجدِ اقصیٰ کو فلسطینی مسلمانوں کے لیے بند کر دیا گیا ہے اور اسرائیل اب خطے کے دیگر مسلم ممالک کو بھی نشانہ بنا رہا ہے۔ اسرائیل وزیرِاعظم نیتن یاہو اور امریکہ کے اعلیٰ عہدیدان انتہائی بے شرمی کے ساتھ گریٹر اسرائیل کے قیام کو اپنا مذہبی مشن قرار دے رہے ہیں اور اِس ابلیسی ہدف کے حصول کے لیے وہ خطے کے مسلم ممالک کو جنگ میں جھونک رہے ہیں۔ ایران پر حملہ اِسی شیطانی منصوبہ کی تازہ ترین کڑی ہے اور اگلا نشانہ پاکستان ہو سکتا ہے۔ امیر تنظیم نے کہا کہ اسرائیل اور اُس کے تمام معاونین کا معاملہ ”لاتوں کے بھوت باتوں سے نہیں مانتے“ کے مصداق ہے کہ جب تک عملی کاروائی نہیں کی جاتی وہ اپنی ہٹ دھرمی سے باز نہیں آئیں گے۔ لٰہذا ضرورت اس امر کی ہے کہ غیروں اور اُن کے اداروں پر انحصار کرنے کی بجائے مسلمان ممالک متحد ہوں۔ اگر مسلمان ممالک مل کر دنیا بھر میں نظریاتی اور عملی اسلاموفوبیا کے مرتکب افراد، اداروں اور ممالک کا سفارتی اور معاشی بائیکاٹ کریں اور عسکری سطح پر جواب دینے کی تیاری کریں تو طاغوتی قوتیں گھٹنوں کے بل گر جائیں گی اور صرف اسی طریقے سے مظلوم مسلمانوں کی حقیقی دادرسی اور اسلام کا بول بالا کرنا ممکن ہے۔

**جاری کردہ**

**رضاء الحق**

**مرکزی ناظم نشرواشاعت**

تنظیمِ اسلامی کا پیغام — خلافتِ راشدہ کا نظام

بانیٔ تنظیم: ڈاکٹر اسرار احمدؒ — امیرِ تنظیم: شجاع الدین شیخ

تنظیمِ اسلامی

# TANZEEM E ISLAMI

**PRESS RELEASE: March 13th, 2026**

## Israel and America are the leading perpetrators of Islamophobic terrorism.

## Declarations about the establishment of Greater Israel and the attack on Iran have further exposed the Zionists' hostility toward Islam.

## (Shujauddin Shaikh)

**Lahore (PR):** This was stated by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh,** in a statement. He said that four years ago the United Nations declared March 15 as the International Day to Combat Islamophobia, which was an important development for the Muslim world, and the then Government of Pakistan and its Prime Minister played a key role in getting that resolution passed. Despite this, during the past four years repeated incidents of Qur'an desecration have occurred in the West. Islamic symbols, including the hijab, have been targeted in America, India, and several other Western countries. Many Western states continue to pursue organized policies of hatred and discrimination against Islam and Muslims. After October 7, 2023, the brutal bombardment of Gaza by the illegal Zionist state of Israel also became part of state-sponsored terrorism against Muslims, and even after the so-called peace agreements this brutality has not diminished. Such is the extent of hostility toward Muslims and moral decline that during the blessed month of Ramadan Masjid al-Aqsa has been closed to Palestinian Muslims, while Israel is now targeting other Muslim countries in the region as well. Israeli Prime Minister Netanyahu and senior American officials are openly declaring the establishment of Greater Israel as their religious mission, and for the attainment of this satanic objective they are pushing Muslim countries of the region toward war. The attack on Iran is the latest link in this sinister plan, and Pakistan could be the next target.

**Shujauddin Shaikh** said that Israel and all its supporters fall under the principle that "those who only respond to force will not be restrained by words," meaning that unless practical action is taken they will not abandon their stubborn aggression. Therefore, instead of relying on foreign powers and their institutions, Muslim countries must unite. If Muslim states collectively impose diplomatic and economic boycotts on individuals, institutions, and countries responsible for ideological and practical Islamophobia worldwide, and prepare to respond at the military level, the Taghut forces will be forced to their knees. Only through such a course can genuine relief be provided to oppressed Muslims and the supremacy of Islam be established.

**Issued by:**
**Raza-ul-Haq**
**Markazi Nazim Nashr o Ishaat**